| | | | |
|---|---|---|---|
| پہلی سہ ماہی | جماعت: اوّل | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 2 پہلا دن | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |
| باب اوّل: قرآن مجید و حدیث نبوی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ | | سبق کا نام: ناظرہ قرآن مجید | |

### حاصلاتِ تعلّم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- اعراب "جزم" کی پہچان کر سکیں۔
- حروف قلقلہ کی پہچان اور ان کی درست ادائی کر سکیں۔

### تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک / بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔ فلیش کارڈز۔ ورک شیٹ۔

### سبق کا تعارف: 5 منٹ

تختہ تحریر پر جزم کی علامت بنائیں اور طلبہ کو مختصراً تعارف کروائیں۔ طلبہ کو قلقلہ کے معنی سے آگاہ کریں۔ انھیں حروف قلقلہ کے بارے میں بتائیں کہ یہ پانچ ہیں۔

### طریقہ تدریس: 20 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم الله الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو کتاب سے صفحہ نمبر 5 کا پہلا پیرا گراف درست تلفّظ سے پڑھ کر سنائیں۔
- تختہ تحریر پر جزم کی علامت بنائیں اس کا تعارف کروائیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ یہ علامت (ـْـ) جزم یا سکون کہلاتی ہے۔
- طلبہ کو بتائیں کہ یہ علامت ہمیشہ حرف کے اوپر آتی ہے۔
- طلبہ کو جزم والا حرف پڑھ کر بتائیں کہ ایسا حرف ہمیشہ اپنے سے پہلے حرف کی مدد سے پڑھا جاتا ہے۔

  جیسے درج ذیل الفاظ کو ایسے پڑھا جائے گا:

  اَبْ (الف زبر با = اَب) قُلْ (قاف پیش لام = قُلْ)

- طلبہ کو جزم والے الفاظ کے فلیش کارڈز دکھائیں اور ان کی مشق کروائیں۔
- تختہ تحریر پر درج ذیل حروف لکھیں۔ق۔ط۔ب۔د۔ج
- طلبہ کو بتائیں کہ یہ حروف، حروفِ قلقلہ کہلاتے ہیں۔ قلقلہ کے معنیٰ ہیں ہلانا۔

- طلبہ کو بتائیں کہ ایسے حروف جن پر جزم ہو یا ان پر وقف کیا جائے تو ہم ان حروف پر قلقلہ کرتے ہیں۔
- طلبہ کو عملاً بتائیں کہ ان حروف کو ان کے مخارج سے ہلا کر پڑھتے ہیں۔

اَقْ اِقْ اُقْ     اَطْ اِطْ اُطْ

- طلبہ کو درج ذیل الفاظ کی تین سے پانچ بار مشق کروائیں تاکہ جزم اور حروف قلقلہ کا تصور ان پر واضح ہو جائے۔

کَیْفَ    یَدْعُ    فَقَدْ

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

کتاب کے صفحہ نمبر 5 اور 6 پر دی گئی جزم اور حروف قلقلہ کی مشق کے الفاظ طلبہ سے سنیں اور جانچیں کہ طلبہ کس حد تک درست تلفّظ کے ساتھ مندرجہ بالا اعراب والے حروف کو ادا کر رہے ہیں۔ اچھا سبق سنانے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

جماعت میں پڑھایا گیا سبق گھر میں دہرائیں اور ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

طلبہ سے درج ذیل سوالات پوچھیں۔

ا۔ کن حروف پر قلقلہ کرتے ہیں؟

۲۔ جس حرف پر جزم ہو اس کی ادائی کس طرح کی جاتی ہے؟

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

| نام:__________ | مضمون: اسلامیات | سبق: ناظرہ قرآن مجید |
|---|---|---|

**سوال 1:** **درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔**

ا۔ حروف قلقلہ کی تعداد ہے:

(الف) تین (ب) چار (ج) پانچ

۲۔ اپنے سے پہلے والے حرف کے ساتھ ملا کر پڑھا جاتا ہے:

(الف) زیر والا حرف (ب) پیش والا حرف (ج) جزم والا حرف

۳۔ قلقلہ کا معنیٰ ہے:

(الف) ہلانا (ب) ٹھہرنا (ج) ساکن

**سوال 2:** **حروفِ قلقلہ میں رنگ بھریں۔**

ق ط ب

ج و د

ت ص

| پہلی سہ ماہی | جماعت: اوّل | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 2 |
| --- | --- | --- | --- |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 2 دُوسرا دن | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |
| باب اوّل: قرآن مجید و حدیث نبوی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ | | سبق کا نام: ناظرہ قرآن مجید | |

**حاصلاتِ تعلّم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- تشدید کی پہچان کر سکیں اور تشدید والے حروف کی درست ادائی کر سکیں۔
- غنّہ کے بارے میں جان سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک / بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔ فلیش کارڈز۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر شد کی علامت بنائیں اور شد کا تعارف کروائیں طلبہ کو بتائیں کہ شد کی آواز میں سختی ہوتی ہے اور شد والے حروف کی آواز دو بار ادا کی جاتی ہے۔ طلبہ کو غنّہ کے بارے میں بتائیں کہ ناک میں تھوڑی دیر کے لیے آواز لے جانے کو غنّہ کہتے ہیں۔ طلبہ کو آ گاہ کریں کہ غنّہ ہر حرف پر نہیں ہوتا بلکہ ن اور م پر ہوتا ہے۔

**طریقہ تدریس:** 20 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر 6 ''تشدید'' کا پیراگراف درست تلفّظ سے پڑھ کر سنائیں۔
- طلبہ کو شد کی علامت کی پہچان کروائیں۔
- انھیں بتایا جائے کہ جس حرف پر شد ہوتی ہے وہ ہمیشہ پہلے حرف سے ملا کر پڑھا جاتا ہے۔
- طلبہ کو بتایا جائے کہ شد والے حرف کی آواز دو بار ادا کی جاتی ہے۔

ایک بار اس حرف کو جزم کی طرح پہلے حرف کے ساتھ ملا کر ادا کیا جاتا ہے جب کہ دوسری بار حرف کی اپنی آواز ادا کی جاتی ہے۔

جیسے: اِنْ + نَ = اِنَّ   عَلْ + لَمَ = عَلَّمَ

- طلبہ کو تشدید والے الفاظ کے فلیش کارڈز دکھائیں۔

- اور تشدید والے الفاظ کی درست ادائی کی مشق کروائیں۔ تشدید کے بعد طلبہ کو غنّہ کے بارے میں بتائیں۔
- انھیں سمجھائیں کہ ناک میں تھوڑی دیر کے لیے آواز لے جانے کو غنّہ کہتے ہیں۔ غنّہ کرنے سے قرآن مجید پڑھنے میں خوب صورتی پیدا ہوتی ہے۔
- طلبہ کو بتائیں کہ ہر حرف پر غنّہ نہیں ہوتا بلکہ صرف دو حروف پر غنّہ ہوتا ہے۔

ا۔ جب ' مّ ' کے اوپر شد ہو تو ہمیشہ غنّہ ہوتا ہے جیسے: ثُمَّ

۲۔ جب 'ن' کے اوپر شد ہو تو ہمیشہ غنّہ ہوتا ہے جیسے: اِنَّ

- طلبہ کو تشدید اور غنّہ والے حروف کی آوازوں کی مشق کروائیں۔

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

طلبہ سے غنّہ اور تشدید والے حروف کی ادائی کروائی جائے اور جانچا جائے کہ طلبہ کو غنّہ اور تشدید کا تصور سمجھ آگیا ہے۔ اچھا سبق سنانے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کی جائے۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

جماعت میں پڑھا گیا سبق گھر میں دہرائیں اور ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

طلبہ سے درج ذیل سوالات کے جواب پوچھیں۔

ا۔ غنّہ کن حروف پر ہوتا ہے؟

۲۔ شد والے حروف کی ادائی کیسے کی جاتی ہے؟

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

| نام: __________ | مضمون: اسلامیات | سبق: ناظرہ قرآنِ مجید |
|---|---|---|

سوال 1: دیے گئے تشدید والے حروف کو توڑ کر لکھیں۔

عَدَّدَ = ..............................................................

نَعَّمَ = ..............................................................

يُضِلُّ = ..............................................................

قَدَّرَ = ..............................................................

اَيَّانَ = ..............................................................

| | | | |
|---|---|---|---|
| پہلی سہ ماہی | جماعت: اوّل | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 3 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 2 تیسرا دن | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب اوّل: قرآن مجید و حدیث نبوی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ | سبق کا نام: ناظرہ قرآن مجید |

**حاصلاتِ تعلّم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- مد کے معنی سے آگاہ ہوں۔
- مد کی علامتوں کے بارے میں جان سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک / بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔ فلیش کارڈز۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر مد کے معنی لکھیں "لمبا کرنا اور کھینچنا"۔ طلبہ کو بتائیں کہ مد کی دو "علامتیں ہیں چھوٹی مد (~) اور بڑی مد (~)۔

**طریقہ تدریس:** 20 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر 7 کا دوسرا پیراگراف درست تلفّظ سے پڑھ کر سنائیں۔
- طلبہ کو مد کا مختصر تعارف کروائیں۔ انھیں بتائیں کہ مد کی دو علامتیں ہوتی ہیں: چھوٹی مد (~) اور بڑی مد (~)۔
- تختہ تحریر پر چھوٹی مد (~) کی علامت بنائیں اور طلبہ کو اس کی آواز کی ادائی کا طریقہ سمجھائیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ چھوٹی مد کی آواز کو دو الف کے برابر کھینچ کر پڑھا جاتا ہے۔
- طلبہ کو چھوٹی مد والے الفاظ کے فلیش کارڈز دکھائیں۔

اِنِّیۤ اَعْلَمُ | لَنَاۤ اِلَّا

- طلبہ کو قرآنی قاعدہ سے چھوٹی مد کے الفاظ کی درست ادائی کے ساتھ مشق کروائیں۔
- چھوٹی مد کے بعد طلبہ کو بڑی مد کے تصور سے آگاہ کریں۔
- تختہ تحریر بڑی مد کی علامت بنائیں اور طلبہ کو اس علامت کی ادائی بتائیں۔

- انھیں بتائیں کہ بڑی مد کی آواز کو پانچ الف کے برابر کھینچ کر پڑھا جاتا ہے۔
- طلبہ کو بڑی مد والے الفاظ کے فلیش کارڈز دکھائیں۔

جَآءَ بِاَسْمَآءِ

- طلبہ کو بڑی مد کے الفاظ کی قرآنی قاعدہ سے مشق کروائیں۔

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

قرآنی قاعدہ سے بڑی اور چھوٹی مد والے الفاظ طلبہ سے سنیں اور جانچیں کہ طلبہ کس حد تک مد کی آوازوں کو صحیح طریقے سے ادا کر رہے ہیں۔ اچھا سبق پڑھنے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں اور غلطی کی صورت میں ان کی اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کی گھر میں دہرائی کریں اور ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

طلبہ درج ذیل الفاظ کی درست ادائی کریں۔

مَآءً فِيْٓ اٰذَانِهِمْ

اُولٰٓئِكَ رِجَآئِ